بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

ہر چیز کیلئے ایک بہار ہوا کرتی ہے،
قرآن کی بہار ماہِ رمضان ہے--

(اصولِ کافی جلد2 ص630 ح10)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَهُوَ غَنِيٌّ وَ لَا فَقْرَ بَعْدَهُ وَإِلَّا مَا بِهِ غِنًى

جو شخص قرآن پڑھے وہ بے نیاز اور غنی (مالدار) ہو جاتا ہے اور جسے قرآن بے نیاز اور غنی نہ کرے کوئی بھی چیز اُسے بے نیاز نہیں کر سکے گی۔۔

اصول کافی جلد چہارم۔ کِتَابُ فَضْلِ الْقُرْآنِ۔
ص408 حدیث9۔



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

میں تمہیں تلاوتِ قرآن کا کہتا ہوں کیونکہ

جنّت کے درجے قرآن کی آیات کی تعداد کے برابر ہیں۔


قیامت کے دن قرآن کی تلاوت کرنے والے سے کہا

جائے گا قرآن پڑھ تاکہ تیرا درجہ بلند ہو۔

جونہی وہ ایک آیت تلاوت کرے گا

اُسے ایک درجہ اور

عطا کر دیا جائے گا۔



(وسائل الشیعہ۔ جلد 4)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

مومن جب قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو
اُسکے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں
اور اس کے منہ سے نکلنے والے ہر حرف کے بدلے
میں خدا ایک فرشتہ خلق فرماتا ہے جو قیامت تک اسکے لئے
استغفار کرتا رہتا ہے بے شک علم حاصل کرنے کے بعد
خدا کے نزدیک قرأتِ قرآن سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔۔

(بحار الانوار جلد ۹۲)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص قرآن کی تلاوت کرے
اِس حال میں کہ وہ جوان اور باایمان ہو،
قرآن اِس کے خون و گوشت کے ساتھ مل جائے گا۔۔

كافي ج2 ص603 ح4



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

مکمل قرآنِ کریم کی تلاوت صرف ایک ماہ میں

قرآنِ مجید کے عام نسخوں میں تقریباً 600 صفحات ہوتے ہیں

600 صفحات کو 30 دنوں پر تقسیم کریں 600/30=20

پھر 20 کو 5 نمازوں پر تقسیم کریں 20/5=4

گویا ہر نماز کے بعد 4 صفحات (یعنی صرف 2 ورق) تلاوت کرنے سے
ایک مہینہ میں باآسانی قرآن ختم کیا جاسکتا ہے۔۔



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

امیر المومنین حضرت امام علیؑ نے فرمایا

جب لوگ گناہوں کا ارتکاب کرتے ہیں
تو خدا اہلِ زمین پر عذاب نازل کرنے کا ارادہ کرلیتا ہے
مگر جب جوانوں کو نماز (مسجد) کی طرف جاتے اور
بچوں کو قرآن سیکھتے ہوئے دیکھتا ہے تو
سب پر رحم فرماتا ہے اور
عذاب میں تاخیر کردیتا ہے۔۔

(من لایحضرہ الفقیہ ج۲ ص۷۸)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

شہزادی فاطمہ زہراؑ نے فرمایا



ایسی عظیم کتاب کو چھوڑ کر

اُس کے احکام کو نظر انداز کر دینا

بہت بڑا ظلم ہے

جس کی تلافی نہیں ہو سکتی --

(صحیفۂ پنجتنؑ)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص قرآن دیکھ کر تلاوت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کی بصارت (آنکھوں کی بینائی) کو فائدہ دے گا اور اُس کے والدین کے گناہوں میں کمی کرے گا چاہے وہ دونوں کافر ہی کیوں نہ ہوں۔۔

(مصباح الکفعمی جلد ۲ ص ۵۳۱)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

اور اُس (قیامت کے) دن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آواز دیں گے کہ پروردگار
میری قوم نے اِس قرآن کو نظر انداز کر دیا۔۔ (سورۂ فرقان۔ آیت 30)



امیر المومنین امام علی علیہ السلام رسولِ خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے روایت بیان کرتے ہیں کہ
رسولِ خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا: عنقریب فتنے برپا ہوں گے،
میں نے پوچھا پھر اِن سے بچنے کی کیا سبیل ہے۔؟
آپؐ نے فرمایا: **کتاب اللہ**، یہ قولِ فیصل ہے .... ہنسی مذاق نہیں۔
جو ظالم اِسے چھوڑ دے گا اللہ اُسے پاش پاش کر دے گا۔۔

(بحارالانوار جلد ۹)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



بہارِ قرآن ۔۔ ماہِ رمضان


www.kitabmart.in



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

قرآن قبولیتِ دعا کا ضامن



امیرالمومنین امام علیؑ نے فرمایا

جو شخص قرآن کی کوئی سی 100 آیات کی تلاوت کرے
پھر 7 مرتبہ یااللہ کہے تو اگر وہ چٹان پر بھی دعا کرے
تو وہ بھی اپنی جگہ چھوڑ دے گی، انشاء اللہ۔۔

(ثواب الاعمال۔ شیخ الصدوقؒ)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

تلاوتِ قرآن کو لازمی سمجھو کیونکہ قرآن کی تلاوت گناہوں کا کفّارہ ہے

تمہاری ہر بات ذکرِ خدا اور تلاوتِ قرآن پر مشتمل ہونی چاہئیے

(جامع الاخبار)

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

تمہارا شب وروز کا ساتھی قرآن ہونا چاہئیے (تجلّیاتِ حکمت)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

قرآن کی قرأت کرنا بہترین عبادت ہے--

(طرائف الحکم جلد۲)



امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

مومن کے شایانِ شان یہ ہے کہ قرآن سیکھ کر دنیا سے چلا جائے
یا کم از کم قرآن کی تعلیم حاصل کرنے میں مشغول ہو کہ موت آجائے--

(الکافی ۲/ ۶۰۷)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان





حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اپنے بچوں کو تین خصلتوں کی تعلیم دو

- ♥ پیغمبرِ اسلام (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی محبت
- ♥ اُن کی آل علیہم السلام کی محبت
- ♥ قرآنِ مجید کی محبت

(احقاق الحق جلد۱۸)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



اور ہم نے تو قرآن کو
نصیحت حاصل کرنے کے واسطے آسان کر دیا ہے
تو ہے کوئی جو نصیحت حاصل کرے؟ (سورۃ القمر۔ آیت 17)

جانوروں جیسے ....

اور یقیناً ہم نے انسان و جنّات کی ایک کثیر تعداد
کو گویا جہنم کیلئے پیدا کیا ہے کہ اِن کے پاس

دل ہیں ...... مگر سمجھتے نہیں ہیں، آنکھیں ہیں ...... مگر دیکھتے نہیں ہیں،
کان ہیں ...... مگر سُنتے نہیں ہیں یہ چوپایوں (جانوروں) جیسے ہیں بلکہ ان
سے بھی زیادہ گمراہ ہیں اور یہی لوگ اصل میں غافل ہیں (سورہ اعراف آیت 179)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim



القرآن کریم

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اگر قرآن کا پڑھنا تمہیں برائیوں سے روکے

تو پڑھتے رہو

لیکن جب تمہیں نہ روک سکے

تو گویا تم نے قرآن پڑھا ہی نہیں۔

(نہج الفصاحہ۔ابوالقاسم پائندہ)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص ماہِ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت تلاوت کرے تو اُس کیلئے دوسرے مہینوں میں قرآن ختم کرنے کا ثواب خداوند عنایت فرمائے گا۔۔

(مفاتیح الجنان)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

تلاوتِ سورۂ یٰسں کے فضائل

۱۔ اِس سورہ کو پڑھنا 12 ختمِ قرآن کا ثواب دلواتا ہے۔

۲۔ اگر مرنے والے کے نزدیک پڑھی جائے تو رضوانِ جنّت خود اُسے جنّت کے پانی سے سیراب کرتا ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

۳۔ اِس سورہ کو پڑھنے والے کو 20 حج کے برابر ثواب ملتا ہے۔

۴۔ جو رات سونے سے پہلے اِسے پڑھے گا تو خدا اِسے ہر آفت و شیطان کے شر سے بچانے کیلئے ایک ہزار فرشتے مقرّر کرے گا۔

۵۔ مرنے والے کے سرہانے پڑھنے سے اِس سورہ کے ہر حرف کے بدلے 10 فرشتے اُس کے سامنے صف بستہ رہتے ہیں، اُس کے جنازے کے ساتھ چلتے ہیں اُس پر نماز پڑھتے ہیں اور اُس کے دفن میں شریک رہتے ہیں۔

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

قبر کا فتنہ

سورۃ التکاثر



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص سوتے وقت سورۂ تکاثر ﴿أَلۡهَاكُمُ التَّكَاثُرُ﴾ کی تلاوت کرے تو وہ قبر کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔۔

(ثواب الاعمال شیخ الصدوقؒ)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

افسوس ہے اُس شخص کے لئے

جو قرآن کی صرف زبانی تلاوت کرے

اور اُس کے معانی میں غور و فکر نہ کرے۔

(مجمع البیان۔ جلد 2۔ صفحہ 554)

جس قرأت و تلاوت کے ساتھ فکر و تدبّر نہ ہو

اس میں کوئی بھلائی نہیں۔

(امیر المومنینؑ۔ معانی الاخبار۔ صفحہ 670)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اگر تُم

خوش نصیبوں کی سی زندگی

شُہداء کی سی موت

روزِ حشر نجات

اور قیامت کی تپتی دھوپ میں سایہ

اور گمراہی کے دن ہادی اور راہنما چاہو



تو قرآن کو پڑھو اور سمجھو کیونکہ قرآن رحمان کا کلام ہے شَرِ شیطان سے بچاتا ہے اور میزان عمل کو بھاری کر دیتا ہے۔

(جامع الاخبار، بحار الانوار۔ جلد 92۔ صفحہ 19)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان


www.kitabmart.in



امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص انا انزلناہ فی لیلۃ القدر کی تلاوت کرے اور تلاوت کے وقت اپنی آواز کو بلند کرے تو وہ اُس شخص کی مانند ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تلوار اٹھائی ہو اور جو اِس سورہ کی تلاوت آہستہ کرے تو اُس شخص کی مانند ہے جو راہِ خدا میں اپنے خون سے آلودہ ہوا ہو اور جو شخص سورۂ قدر کو دس مرتبہ پڑھے تو اللہ اُس کے ہزار گناہ مٹا دیتا ہے-- (ثواب الاعمال)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

سورۂ فاتحہ کے فضائل و فوائد



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو سورۂ حمد کی تلاوت کرے وہ ایسا ہے جیسے اُس نے 104 آسمانی کتابوں کی تلاوت کی ہو۔ (تفسیر ابوالفتوح رازی جلد ۱)

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا سورۂ فاتحہ عرش کے خزانوں میں سب سے عظیم خزانہ ہے۔

(تفسیر برہان جلد ۱)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا قطعی طور پر سورۂ حمد میں اسمِ اعظمِ الٰہی موجود ہے۔

(تفسیر نور الثقلین جلد ۱)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا جب کسی کو درد وغیرہ کی شکایت ہو تو وہ اپنے گریبان میں سات مرتبہ سورۂ حمد کی تلاوت کرے اگر درد ختم ہو جائے تو بہتر ورنہ 70 مرتبہ تلاوت کرے، میں اُسکی صحت و عافیت کا ضامن ہوں۔

(تفسیر نور الثقلین جلد ۱)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

آیت الکرسی = پریشان حالی سے نجات کیلئے

جو شخص بھی ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا وہ فقر و فاقہ سے نجات پائے گا۔ اور اس کا رزق اس کو وہاں سے ملے گا جہاں سے اسے امید بھی نہ ہوگی۔ اور جو صبح سویرے اپنے گھر سے نکلتے ہوئے آیت الکرسی کو پڑھ لے گا وہ تنگ دستی سے امان میں رہے گا۔۔

[کتاب خواص الآیات]

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

امام علی علیہ السلام نے فرمایا

اپنی حاجت کیلئے گھر سے نکلتے وقت
سورۂ آلِ عمران کی آخری آیات ، آیت الکرسی
سورہ قدر ، سورہ فاتحہ پڑھ کر نکلے تو
اسکی دنیا اور آخرت کی حاجات پوری ہوں گی --

(هدية الشيعه)

کسی بھی اہم کام کیلئے مثلاً : روزگار کیلئے ، اہم سفر کیلئے ، لڑکی کو رخصت کرتے وقت ، امتحان کیلئے ...... گھر سے نکلتے وقت پڑھیئے --

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

سورۂ حدید آیت نمبر 20 میں ارشادِ ربّ العزّت ہے

آگاہ ہو جاؤ کہ دنیا کی زندگی

مشغولیت ، دل بہلاوا ، جھوٹی آرائش

اور مال و اولاد کی کثرت پر تمہارا آپس میں فخر کرنا اور جھگڑتے رہنا ہے۔

اِس کی مثال بارش جیسی کہ اس سے نباتات کا اُگنا کافروں کو عجیب سا لگا۔ پھر وہ لہلہانے لگتی ہے، اس کے بعد تم اس کو زرد ہوتے دیکھتے ہو پھر چُرمُر ہو کر رہ جاتی ہے۔ مگر عالمِ آخرت میں (دنیا طلبوں) کیلئے عذاب ہے اور مومنوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور بخشش بھی ہے۔

پس جان لو کہ دنیا کی زندگی دھوکے اور بہلاوے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

اور ہم نے قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا
تو کیا کوئی ہے جو نصیحت حاصل کرے۔؟

(سورۃ القمر۔ آیت 17)

سورۃ الھمزہ

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے

ہر طعنہ دینے والے چُغل خور کی خرابی ہے جو مال کو جمع کرتا ہے
اور گِن گِن کر رکھتا ہے

وہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ زندہ باقی رکھے گا، ہرگز نہیں
وہ تو ضرور حُطَمہ میں ڈالا جائے گا اور تم کو کیا معلوم حُطَمہ کیا ہے

وہ خدا کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے
جو (تلوے سے لگی تو) دلوں تک چڑھ جائے گی

یہ لوگ آگ کے لمبے لمبے سُتونوں میں ڈال کر بند کر دیئے جائیں گے

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



مقاصد میں کامیابی

بہت بڑے مقاصد کے حصول کے لئے سورۂ نصر کا 25 بار پڑھنا مقاصد میں کامیاب کروادیتا ہے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

عظیم ثواب

www.kitabmart.in

حضرت رسولِ اعظمؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ :

"سورۂ قل ھو اللہ احد کی ایک مرتبہ تلاوت کرنے والے کو اللہ، اُس کے ملائکہ، اس کی کتابوں اور اُس کے رسولوں پر ایمان لانے والے کا ثواب نصیب ہوگا اور اُس کا اجر 100 شہیدوں کے برابر ہے۔" (کتاب: دنیا و آخرت کی سو پریشانیوں کا حل)

سُورَةُ الإخلَاص

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

قُلۡ هُوَ ٱللَّهُ أَحَدٌ ١ ٱللَّهُ ٱلصَّمَدُ ٢ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُولَدۡ ٣ وَلَمۡ يَكُن لَّهُۥ كُفُوًا أَحَدُۢ ٤

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

آیۃ الکرسی



☆ آیت الکرسی کو سیّد القرآن کہا جاتا ہے۔

☆ آیت الکرسی قرآن کا بلند ترین نقطہ ہے۔

☆ رسولِ خدا آیت الکرسی کی تلاوت کے وقت مسکراتے رہتے تھے۔

☆ آیت الکرسی یرقان کی بیماری کا علاج ہے۔

☆ جس گھر میں اِسے پڑھا جائے گا، شیطان 3 روز تک اُس گھر کے قریب بھی نہ آئے گا۔

☆ جو وضو کے بعد اِسے پڑھے گا، اسے چالیس سال کی عبادت کا ثواب دیا جائے گا۔

☆ اسکی 70 بار تلاوت معالج کی دوا کی محتاجی ختم کردیتی ہے۔

☆ گھر سے باہر نکلتے وقت آیت الکرسی کا پڑھنا مقاصد میں کامیاب کروادیتا ہے۔

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص فرض نماز میں سورۂ کافرون کی تلاوت کرے گا اگر وہ بدنصیب ہوگا تو اُس کا نام بدنصیبوں کی فہرست سے مٹا کر **خوش نصیبوں** کی فہرست میں لکھ دیا جائے گا

(بحار الانوار۔ علامہ مجلسیؒ۔ جلد 85۔ صفحہ 40)

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in

قرآن

سوال بتایئے وہ کونسا سورہ ہے جس کا پڑھنا رسولِ خدا نے ایسا ہی قرار دیا ہے جیسے اُس نے شبِ قدر جاگ کر عبادت میں بسر کی ہو؟

جواب: سورۂ مُلک۔

سوال کیا خواتین کے لئے تلاوتِ قرآن کے وقت سر کو ڈھانپنا ضروری ہے؟

جواب: اگر نامحرم سامنے نہ ہوں تو واجب نہیں ہے۔

سوال جہاں تلاوتِ قرآن ہو رہی ہو کیا وہاں باتیں کرنا حرام ہے؟

جواب: حرام تو نہیں ہے البتہ بہتر ہے کہ توجہ سے سنا جائے۔

سوال اگر قرآن موبائل فون میں محفوظ ہو تو کیا موبائل فون کو حمام وغیرہ لے جاسکتے ہیں؟

جواب: اگر یہ عمل توہین شمار نہ ہو تو جائز ہے۔

سوال جسے قرآن صحیح پڑھنا نہ آتا ہو کیا وہ بھی تلاوتِ قرآن کرسکتا ہے؟

جواب: جی ہاں البتہ صحیح طور پر پڑھنے کو سیکھنا چاہیئے۔

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

www.kitabmart.in



قرآن

سوال : قرآن میں کل کتنی خواتین کا ذکر آیا ہے؟

جواب : ۱۳ خواتین کا۔

سوال ؛ خدا کے احکامات سب سے زیادہ کس سورہ میں نازل ہوئے ہیں؟

جواب ؛ سورۂ بقرہ میں۔

سوال ؛ وہ کونسا سورہ ہے جو ایک مرتبہ مکّہ میں نازل ہوا اور دوسری مرتبہ مدینہ میں؟

جواب : سورۂ الحمد۔

سوال : قرآن میں حضرت جبرئیلؑ کے کونسے دو صفاتی نام ذکر ہوئے ہیں؟

جواب : رُوح الامین اور رُوح القدس۔

سوال : اپنی مرضی سے قرآن کے معنی و مطالب بیان کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : تفسیر بالرّائے۔

سوال : خدا تک پہنچنے کے لئے وسیلہ اختیار کرنے کا حکم کس سورہ میں ہے؟

جواب : سورۂ مائدہ آیت ۳۵۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
madrasatulqaaim@hotmail.com
www.youtube.com/zeezaidi
www.facebook.com/madrasatulqaaim

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

سوال : وہ کونسا سورہ ہے جس کو اگر سورج نکلنے سے پہلے پڑھ لیا جائے تو شیطان اس روز کتنا ہی زور لگا لے، اس سے کوئی گناہ نہ کروا سکے گا؟

جواب : سورۂ توحید۔

سوال : وہ کونسا سورہ ہے جسے امام زمانہؑ کی زیارت کے لئے پڑھنا مفید بتایا گیا ہے؟

جواب : سورۂ بنی اسرائیل۔

سوال : وہ کونسا سورہ ہے جس کو پڑھنا پچھلی غیبتوں کے گناہوں کو معاف کروا سکتا ہے؟

جواب : سورۂ حجرات۔

سوال : جب دل غم سے بھر جائے تو کونسے سورہ کی تلاوت دل کے غم کو زائل کر دیتی ہے؟

جواب : سورۂ الم نشرح۔

سوال : اگر ہم چاہیں کہ ہم جو ارادہ کریں مضبوط ہو، ٹوٹ نہ جائے تو کونسے سورہ کی تلاوت ارادہ کی مضبوطی کے لئے بہت مفید ہے؟

جواب : سورۂ حشر۔

بہارِ قرآن ۔۔ ماہِ رمضان

سوال : اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو کونسے سورہ کی تلاوت گمشدہ چیزوں کے ملنے کے لئے مفید بتائی گئی ہے؟

جواب : سورۂ مزّمّل اور سورۂ والتّین۔

سوال : شوہر بیوی یا رشتہ داروں کے آپس میں تعلقات کی خرابی دور کرنے کے لئے کونسے سورہ کی تلاوت مجرّب ہے؟

جواب : سورۂ معارج۔

سوال : وہ کونسا سورہ ہے جس کی سونے سے پہلے تلاوت عذابِ قبر سے نجات دلاتی ہے؟

جواب : سورۂ تکاثر۔

سوال: قرآنی سوروں کی تلاوت کر کے اُس کا ثواب اپنے زندہ رشتہ داروں اور اُن مومنین کو بھی ہدیہ کیا جا سکتا ہے جن کی ہم نے غیبتیں کی ہیں۔ [✓]

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

قرآنی معلومات

سوال میت کے ساتھ بطورِ تبرّک قرآن قبر میں ساتھ رکھنے کا عمل کیسا ہے؟

جواب: اگر باعث ہتک نہ ہو اور آلودگیوں سے محفوظ رہے تو حرج نہیں ہے۔



سوال کیا تلاوتِ قرآن کے وقت خاموش رہنا واجب ہے؟

جواب: واجب تو نہیں ہے البتہ مستحب ہے کہ توجہ سے سنا جائے۔

سوال کیا یہ بات صحیح ہے کہ مرحوم آیت اللہ خوئیؒ بسم تعالیٰ کو بلا وضو ہاتھ لگانا حرام قرار دیتے تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال وہ کونسی چیز ہے جو نہ روح ہے اور نہ جسم مگر قرآن کے مطابق وہ سانس لیتی ہے؟

جواب: ''صبح'' (وَالصُّبۡحِ اِذَا تَنَفَّسۡ) سورۂ تکویر آیت 18۔

سوال حُروفِ مقطّعات کے حوالے سے قرآن کے سوروں کی کیا تقسیم ہے؟

جواب: وہ سورہ جن کا آغاز حروفِ مقطّعات سے ہوتا ہو وہ مکّی ہیں اور جن کا آغاز حروفِ مقطعات سے نہیں ہوتا وہ مدنی ہیں۔

قرآن

سوال : رسولؐ اللہ اپنے لشکر کا کمانڈر بنانے کے لئے بعض اوقات قرآن کے لحاظ سے کس حکمت عملی کو اختیار کرتے تھے؟

جواب : جسے قرآن جتنا یاد ہوتا تھا اُسی کو لشکر کا امیر بناتے تھے۔

سوال : مشہور ترین دعا

” رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰ خِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ “

قرآن کے کس سورہ میں ہے؟

جواب : سورۂ بقرہ، آیت ۲۰۱۔

سوال : قرآن کے کن سوروں میں سب سے زیادہ دعائیں ہیں؟

جواب : ۱۔ سورۂ آلِ عمران ۲۔ سورۂ مومنون۔

سوال : کس سورہ کو الشافیہ بھی کہا جاتا ہے؟

جواب : سورۂ حمد۔

سوال : قرآن کا سب سے بڑا لفظ کون سا ہے؟

جواب : فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ (سورۃ الحجر، آیت ۲۲) ۱۱ حُروف پر مشتمل ہے۔

سوال : دو سوروں کے نام بتائیں جن کا نام ایک حرف پر مشتمل ہے؟

جواب : ۱۔ سورۂ ق ۲۔ سورۂ ص

سوال : سوروں کا سیّد و سردار کس سورہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب : سورۂ بقرہ کو۔

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

سوال : کس سورۂ کو قرآن کی ماں کہا جاتا ہے؟

جواب : سورۂ الحمد کو۔

سوال : وہ کونسے ۴ سورہ ہیں جو چاروں ایک ساتھ اور ایک ہی جگہ نازل ہوئے؟

جواب : سورۂ کوثر، سورۂ نصر، سورۂ لھب اور سورۂ اخلاص۔

سوال : قرآن کے آخری پارے میں کتنے سورہ ہیں؟

جواب : ۳۷۔

سوال : وہ کونسا سورہ ہے جو اہل بیتؑ کی شان میں نازل ہوا؟

جواب : سورۂ دھر۔

سوال : امام حسینؑ کا سرِ مبارک نوکِ نیزہ پر سورۂ کہف کی کس آیت کی تلاوت کر رہا تھا؟

جواب : ۹ ویں آیت کی۔

بہارِ قرآن -- ماہِ رمضان

قرآن مجید کے واجب سجدے اور اُن کے مسائل

پارہ نمبر 21 کی سورۂ سجدہ کی آیت نمبر 15
پارہ نمبر 24 کی سورۂ فُصّلت آیت نمبر 37،
پارہ نمبر 27 کی سورۂ والنّجم کی آیت نمبر 62
پارہ نمبر 30 کی سورۂ علق آیت نمبر 19

☆ ان آیات کو اگر انسان پڑھے یا سنے تو آیت ختم ہونے کے بعد فوراً سجدہ کرنا ضروری ہے۔

☆ قرآن مجید کے واجب سجدے میں ذکر پڑھنا ضروری نہیں بہتر یہ ہے کہ کوئی ذکر پڑھا جائے۔

☆ اگر سجدہ کرنا بھول جائے تو جب بھی یاد آئے سجدہ کرنا واجب ہے۔

☆ اگر انسان سجدے کی آیت سننے کے وقت خود بھی وہ آیت پڑھے تو ضروری ہے کہ دو سجدے کرے۔

☆ ریکارڈنگ کی کسی بھی قسم کے ذریعے آیتِ سجدہ سننے پر سجدہ واجب نہیں۔

☆ ریڈیو اسٹیشن یا کسی چینل سے براہ راست (Live) نشریات میں سجدے کی آیت سننے پر سجدہ واجب ہے۔

☆ قرآن مجید کے واجب سجدے میں پیشانی سجدہ گاہ یا کسی ایسی چیز پر رکھی جائے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو۔

☆ قرآن مجید کے واجب سجدے کیلئے قبلہ رُخ ہونا ضروری نہیں ہے۔

☆ قرآن مجید کے واجب سجدے کیلئے ضروری نہیں کہ وضو یا غسل کیا ہوا ہو۔

☆ جو شرائط نماز پڑھنے والے کے لباس کیلئے ضروری ہیں وہ شرائط قرآن مجید کا واجب سجدہ ادا کرنے والے کے لباس میں شرط نہیں۔

☆ ہاتھ کی پشت پر سجدہ کرنا جائز نہیں ہے۔

☆ واضح رہے کہ سورۂ فُصّلت جسے سورۂ حٰم السجدہ بھی کہا جاتا ہے اسکی آیت نمبر 37 پر واجب سجدہ ہے 38 پر نہیں۔

☆☆ پارہ نمبر 21، 24، 27 اور 30 میں سجدۂ واجب ہے ☆☆

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

قرآن

سوال : اپنی مرضی سے قرآن کے معنی ومطالب بیان کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : تفسیر بالرّائے۔

سوال : خدا تک پہنچنے کے لئے وسیلہ اختیار کرنے کا حکم کس سورہ میں ہے؟

جواب : سورۂ مائدہ آیت ۳۵۔

سوال : قرآن کے کس سورہ کے متعلق تاکید آئی ہے کہ عورتیں زیادہ سے زیادہ اس سورہ کی تلاوت کریں؟

جواب : سورۂ نور۔

سوال : قرآن میں کل کتنی خواتین کا ذکر آیا ہے؟

جواب : ۱۳ خواتین کا۔

سوال ؛ خدا کے احکامات سب سے زیادہ کس سورہ میں نازل ہوئے ہیں؟

جواب ؛ سورۂ بقرہ میں۔

سوال ؛ وہ کونسا سورہ ہے جو ایک مرتبہ مکّہ میں نازل ہوا اور دوسری مرتبہ مدینہ میں؟

جواب : سورۂ الحمد۔

سوال : قرآن میں حضرت جبرئیلؑ کے کونسے دو صفاتی نام ذکر ہوئے ہیں؟

جواب : رُوح الامین اور رُوح القدس۔